© rasailojaraid.com



اُدۡعُوۡنِیۡۤ اَسۡتَجِبۡ لَکُمۡ (المؤمن ۴۰:۶۰)

’’مجھے پکارو، میں تمھاری دُعائیں قبول کروں گا‘‘۔

# روز مرہ دُعائیں

## ایک مختصر نصاب

مرتبہ

خرم مراد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



محترم خرم مرادؒ اپنے ایک مکتوب میں اپنی بیٹی، فرخ بلال کو ان دعاؤں کی تلقین کی تھی۔ بعض دعاؤں کا ترجمہ نہ تھا۔ اسے مکمل کر دیا گیا ہے۔ اب یہ ایک مختصر نصاب ہے ہر مرد و خاتون مسلمان کے لیے، خصوصاً تحریک سے وابستہ افراد کے لیے۔

''اللہ کے ذکر سے زندگی کی ساری کلفتیں اور صعوبتیں دُور ہو جاتی ہیں اور دل اطمینان و قوت کا گہوارا بن جاتا ہے۔ اس سلسلے میں چند کلمات اور دعائیں ہیں۔ کچھ ایسی کہ ہر وقت پڑھتے رہو اور کچھ ایسی کہ اوقات مقرر کر کے، یا پھر جب کوئی آزمایش پیش آئے۔

بس ایک تو، اللہ دیکھ رہا ہے، ساتھ ہے، یہ احساس رہے۔ دوسرے، اس کی صفات کا ایک تقاضا زندگی میں ہے، مثلاً اگر لاحول ولاقوۃ الا باللہ کہو تو پھر کسی خوف اور کوشش کی توقع اللہ کے علاوہ کسی سے نہ ہو۔ اس کو حلیم اور کریم کہو تو اس کا اپنے ساتھ حلم اور کرم یاد کرو اور اس کے بندوں کے برتاؤ کا سامنا اسی طرح کے حلم اور کرم سے کرو (اگرچہ وہ ہمارے بس میں کہاں)۔

لاَ حَولَ و لاَ قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اللہ (کی توفیق) کے بغیر کوئی قدرت و قوت نہیں رکھتا۔

یا

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ

اے ہمیشہ زندہ و باقی رہنے والے (پروردگار) آپ کی رحمت سے دست گیری چاہتا ہوں۔

یا

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ، بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ ، أَصْلِحْ لِی شَأْنِی كُلَّهُ ، و لا تَكِلْنِی أِلٰی نَفْسِی طَرْفَةَ عَینٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ

اے ہمیشہ زندہ و قائم رہنے والے (پروردگار) آپ کی رحمت سے مدد چاہتا ہوں۔ میرا ہر کام ٹھیک کر دے۔ مجھے پلک جھپکنے تک بھی میرے نفس کے سپرد نہ فرما۔ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ دعا حضورؐ نے حضرت فاطمہؓ کو بہت تاکید سے سکھائی اور آپؐ خود بھی کثرت سے اسے پڑھا کرتے تھے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ انتہائی حلیم و سخی ہے۔ عرش عظیم کے مالک اللہ کی تسبیح بیان کرتا ہوں۔ تمام تر تعریفیں تمام جہانوں کے پروردگار کے لیے ہی ہیں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ ، وَرَبُّ الْاَرْضِ ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ.

عظیم و حلیم اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ عرش عظیم کے مالک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ زمین و آسمان اور عرش کریم کے مالک رب کے سوا کوئی معبود نہیں۔

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اَلَّا ما جَعَلْتَهُ سَهْلًا ، وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا

اے ہمارے اللہ! کوئی بھی کام تب تک آسان نہیں، جب تک آپ اسے آسان نہ کردیں۔ آپ مشکل ترین کام کو بھی جب چاہیں آسان بنادیتے ہیں۔

جو خاص اوقات یا خاص چیزوں کے لیے ہیں:

۱- جب کوئی مایوسی درپیش آئے یا انسانوں سے اُمید ٹوٹے:

اَللّٰهُمَّ اَقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَاءَ كَ وَ اقْطَعْ رَجَائِیْ عَمَّنْ سِوَاكَ ، حَتّٰی لَا اَرْجُو اَحَدًا غَيْرَكَ فَاَنْتَ مَوْلَایَ وَوَلِيِّ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَة يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

دل کو صرف ان اُمیدوں سے بھردے جو تیرے ساتھ وابستہ ہوں اور اپنے علاوہ سب کے ساتھ اُمیدوں کو کاٹ دے، تیرے علاوہ کسی سے کوئی اُمید نہ رکھوں۔ آپ ہی دنیا و آخرت میں میرے مولا اور والی ہیں۔ اے تمام تر بزرگی اور مرتبے کے مالک!

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اَنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

کہو، خدایا، ملک کے مالک، تو جسے چاہے حکومت دے اور جس سے چاہے چھین لے۔ جسے چاہے عزت بخشے اور جس کو چاہے ذلیل کردے۔ بھلائی تیرے اختیار میں ہے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ رات کو دن میں پروتا ہوا لے آتا ہے اور دن کو رات میں۔ بے جان میں سے جان دار کو نکالتا ہے اور جان دار میں سے بے جان کو۔ اور جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔

۲- ہر نماز کے بعد:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ . اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَ لَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ.

ایک اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہی اسی کے ہاتھ میں ہے اور تمام تعریفیں صرف اسی کے لیے ہیں۔ وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے۔ اے میرے اللہ آپ جو عطا فرمائیں اسے کوئی روک نہیں سکتا۔ آپ جو کچھ منع فرمادیں وہ کوئی بھی عطا نہیں کرسکتا۔

۳- صبح اور شام سات مرتبہ اور ویسے بھی:

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

مجھے اللہ ہی کافی ہے، اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں، میں نے اسی پر توکل کیا، وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔

یا کثرت سے:

حَسْبِيَ اللّٰهُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

مجھے اللہ ہی کافی ہے وہ بہترین مولا اور بہترین وکیل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَ لَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

اللہ کے نام سے کہ جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان کی کوئی شے کوئی نقصان نہیں پہنچاسکتی۔ وہ ہر بات سننے والا، ہر شے کا کامل علم رکھنے والا ہے"۔

(یہ نصاب منشورات سے دستیاب ہے۔ ۱۰۰ روپے سیکڑہ)

© rasailojaraid.com